مارچ ۱۹۷۷ء کے انتخابات میں "جمہوریت ہماری سیاست ہے" کے مدعی حکمرانوں نے ملک بھر کے عوام سے جو سوچا سمجھا اور مربوط فراڈ کیا تھا اس کا رنگ اور انداز ساٹھ مارچ کو قومی اسمبلی کے لیے پولنگ کے دن ہی سب لوگوں کے سامنے آگیا تھا۔ اور وہ اس انتخابی سیاہ کاری سے اس قدر بیزار اور برافروختہ ہو گئے تھے کہ صرف تین دن بعد صوبائی اسمبلیوں کے نام نہاد انتخابات کا جب بائیکاٹ کیا گیا تو پورے ملک میں ووٹروں کا مقاطعہ اس قدر بھرپور اور دلکش تھا کہ انتخابی دھاندلیوں کا فراڈ رچانے والے سیاسی حکمران اور ان کے آلۂ کار اعلیٰ افسر بھی حیران و ششدر رہ گئے تھے۔ اس کر رہ بیٹھی شکل بائیکاٹ نے پاکستان کے علاوہ ساری دنیا پر بھی واضح کر دیا کہ جس عوام و جابر … میں نفرت اور بیزاری کی لہر دوڑ جائے، تو خواہ شاطرانہ ساحری کے وہ تیرے ہی ہتھکنڈے استعمال کرے اس کا ہر حربہ بالآخر خود اس کے لیے ہی پریشانی اور رسوائی بلکہ جگ ہنسائی کا مزید اور اظہر من الشمس سامان پیدا کر دیتا ہے …

حکومت کے مالی وسائل سے جب وسیع تعمیر … ایک غیر ملک کے سربراہ کی تعمیر … اسمارک کی بڑی تفصیل بیان کر دی گئی ہے، لیکن حقیقت یہ ہے کہ جمہوریت ہی …

[illegible]

خوشبوئے نصیحت
میاں عبدالرشید

روزوں کا ثمرہ

روزوں کا مقصد تقویٰ ہے۔ طبیعت کے اندر نیکی کا ذوق پیدا ہو جاتا ہے۔ نیکی اچھی لگنے لگے۔ برائی سے نفرت ہو جاتی ہے۔ روزوں کا ثمرہ قرب الٰہی ہے۔ قرآن پاک کی آیت میں اسی طرف اشارہ فرمایا ہے کہ "اور جب میرے بندے آپ سے میرے متعلق پوچھیں کہ وہ اللہ تعالیٰ کہاں ہے جو یہ احکام صادر فرماتا ہے، تو (ان سے کہہ دیں) میں بالکل قریب ہوں۔ میں پکارنے والے کی پکار (نہ صرف سنتا ہوں، بلکہ اس) کا جواب دیتا (یعنی اسے قبول فرماتا) ہوں۔ پس انہیں بھی چاہیئے کہ وہ میری بات مانیں اور مجھ پر یقین رکھیں، تاکہ وہ بھلائی پائیں۔"

ویسے تو اللہ تعالیٰ ہر وقت، ہر جگہ موجود ہیں۔ ہم انہیں دیکھتے اس لیے نہیں کہ ہمارے دلوں پر پردے پڑے ہیں۔ اور وہ ظاہری آنکھوں سے نظر …

[illegible]

دسمبر میں بلدیاتی انتخابات کرانے کے لیے ابتدائی انتظامات شروع کر دیے گئے

دیہی علاقوں میں یونین، مرکز اور ڈسٹرکٹ کونسلیں قائم کی جائیں گی

بلدیاتی انتخابات کے بارے میں رائے عامہ معلوم کرنے کے لیے سوالنامہ جاری کر دیا گیا

اسلام آباد ۔۔۔۔۔۔ (اپ پ) سرکاری طور پر بتایا گیا ہے کہ چیف مارشل لاء ایڈمنسٹریٹر جنرل محمد ضیاء الحق کے ۲۵ جولائی کو قوم کے نام خطاب کے مطابق وفاقی، صوبائی حکومتوں اور آزاد کشمیر کی حکومت نے ۱۹۷۸ء کے آخر تک بلدیاتی انتخابات منعقد کرانے کے لیے ابتدائی انتظامات مکمل کرنے شروع کر دیے ہیں۔ بلدیات کے ڈھانچے کا فیصلہ ۲۲ جولائی کو بین الصوبائی اجلاس میں کیا گیا تھا۔ اجلاس کے فیصلوں کے مطابق دیہی علاقوں کی تین درجہ بندیاں کی گئی ہیں جو یونین کونسلوں، مرکز کونسلوں اور ڈسٹرکٹ کونسلوں پر مشتمل ہوں گی۔ یونین کونسل کے دس سے پندرہ تک ارکان ہوں گے۔ ایک ہزار سے ڈیڑھ ہزار افراد کی آبادی کا ایک ممبر ہوا کرے گا اور آٹھ سے دس یونین کونسلیں ایک مرکز کونسل بنائیں گی جس کے چیئرمین کا انتخاب یونین کونسل کے ممبر کریں گے۔ مرکز کونسل پولیس اسٹیشن کی طرز پر ہوگی جس کا تعلق دیہی ترقیاتی مرکز سے ہوگا۔ مرکز کونسلوں کے چیئرمین ڈسٹرکٹ کونسل ترتیب دیں گے۔ ڈسٹرکٹ کونسل کی نئی بات یہ ہوگی کہ اس کا چیئرمین ایک منتخب شدہ شخص ہوگا جبکہ ڈپٹی کمشنر اس کا آفیسر چیئرمین ہوگا اور اس کا لحاظ رکھا جائے گا لیکن اسے ووٹ دینے کا حق نہ ہوگا۔

ذرائع ابلاغ، عوام اور دانشور طبقے کی رائے معلوم کرنے کے لیے حکومت پاکستان نے مندرجہ ذیل سوالنامہ جاری کیا ہے۔

۱۔ کیا وفاق کے زیر انتظام قبائلی علاقوں میں جہاں بالغ حق رائے دہی کو نہیں آزمایا گیا اور جہاں کسی قسم کے ٹیکس نہیں لگائے گئے۔ یونین کونسلوں، مرکز کونسلوں اور ڈسٹرکٹ کونسلوں کا قیام ممکن ہے؟ کیا اس علاقے میں بلدیاتی ادارے قائم کرنے کے لیے نامزدگیوں کا نظام بہتر رہے گا؟

۲۔ وفاقی دارالحکومت کے دیہی اور شہری علاقے میں بلدیاتی حکومت کی کون سی سطح بہتر رہے گی۔ اس سلسلے میں چیف مارشل لاء ایڈمنسٹریٹر کے اس اعلان کو پیش نظر رکھا ضروری ہے کہ بلدیاتی انتخابات ۱۹۷۸ء کے آخر تک کرائے جائیں گے۔

لاعلاج ٹیکسٹائل ملوں کو مزید قرضے دینے کی بجائے نیلام کر دیا جائے گا

مل مالکان نے منافع اور سرمایہ بیرون ملک منتقل کر دیا ہے

پاکستان کی برآمدی حد بڑھا کر ۲۰ ارب روپے سالانہ کر دی جائے گی، زاہد سرفراز

فیصل آباد ۔۔۔۔۔۔ (نمائندہ خصوصی) وفاقی وزیر تجارت میاں زاہد سرفراز نے گذشتہ شب یہاں چیمبر آف کامرس کے عشائیہ میں تقریر کرتے ہوئے کہا کہ بیمار اور ناقابل علاج ٹیکسٹائل ملوں کو مزید قرضے دینے کی بجائے نیلام کر دیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ ستائیس برس سے اس صنعت کو ہر طرح سے تحفظ حاصل رہا ہے لیکن اس کے مالکوں نے صنعت کو مستحکم کرنے کی بجائے منافع کا بیشتر حصہ اور سرمایہ بیرون ملک منتقل کر دیا۔ قبل ازیں یہاں چیمبر آف کامرس کے صدر خواجہ حسن دین نے سپاسنامہ پیش کرتے ہوئے پاور لوم کی صنعت، انکم ٹیکس ایکٹ کی خامیوں اور مقامی مسائل کی نشاندہی کی۔ وزیر تجارت نے کہا کہ پاور لوم بحران کے حل کے لیے ٹھوس اور موثر اقدامات کیے جائیں گے بشرطیکہ صحیح اعداد و شمار حاصل ہو سکیں۔ انکم ٹیکس ایکٹ کے متعلق انہوں نے بتایا کہ اس کی اصلاح اور ترمیم کی جا رہی ہے۔ انہوں نے تاجروں کو مخاطب کرتے کہا کہ یہ لوگ جو کالی دولت کو سفید دولت بنا کر کاروبار کریں۔ انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ برآمدی تجارت کو ۱۳ سو کروڑ سے بڑھا کر ۲ ہزار کروڑ سالانہ تک پہنچایا جائے گا۔ اس کے لیے تجارت کے فروغ، برآمدات کے طریق کار میں انقلابی تبدیلیاں ناگزیر ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہمارے ہاں بیوروکریسی انتہائی شریف ہے اور اگر وزیر اہل ہو تو اس کا سیکرٹری اس پر کبھی حاوی نہیں ہو سکتا۔

مساوات کراچی آج سے دوبارہ شائع ہونا شروع ہو گیا

کراچی ۔۔۔۔۔۔ (اپ پ) مساوات کراچی کی انتظامیہ نے اعلان کیا ہے، اخبار کل ۱۰ جولائی سے دوبارہ شائع ہونا شروع ہو جائے گا۔ مساوات کراچی کی اشاعت ۶ روز تک معطل رہی۔ آج انتظامیہ کو پبلشر اور پرنٹر کے ڈیکلریشن پیش کیے گئے۔ چنانچہ انتظامیہ نے وقت ضائع کیے بغیر کل سے اخبار کی اشاعت بحال کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ انتظامیہ کے ایک بیان کے مطابق پبلشر مساوات نے ۲۰ جون کو انتظامیہ کو دو تجاویز پیش کی تھیں کہ مساوات کو اپنا پرنٹنگ یونٹ لگانے اور عبوری عرصے کے لیے فاؤنڈیشن پریس میں اخبار چھاپنے کی اجازت دی جائے۔ جو حکام نے منظور کر لی ہیں چنانچہ اخبار کی اشاعت بحال کی جا رہی ہے۔

پنجاب کے پانچ ڈویژنوں کے لیے تین فوجی عدالتیں قائم کر دی گئیں

لاہور ڈویژن کے لیے سرسری سماعت کی فوجی عدالت کے سربراہ بریگیڈیئر عبدالحمید ڈوگر ہوں گے

لاہور ۔۔۔۔۔۔ (اپ پ) نااہل قرار دینے والے ٹریبونلوں کی طرف سے نااہل قرار دیے گئے سیاستدانوں کے خلاف سرسری سماعت کی فوجی عدالتوں میں مقدمے چلائے جائیں گے۔ پنجاب کے مختلف ڈویژنوں کے لیے سرسری سماعت کی فوجی عدالتیں قائم کر دی گئی ہیں۔ لاہور ڈویژن کے لیے سرسری سماعت کی فوجی عدالت نمبر ۴۱ کے لیے بریگیڈیئر عبدالحمید ڈوگر کو صدر مقرر کیا گیا ہے۔ راولپنڈی اور سرگودھا ڈویژن کے لیے سرسری ملٹری کورٹ نمبر ۴۳ کے لیے بریگیڈیئر نفیس احمد کو صدر مقرر کیا گیا ہے۔ ان تقرریوں کا اعلان آج مارشل لاء ایڈمنسٹریٹر کی طرف سے جاری کیے گئے ایک پریس ریلیز میں کیا گیا۔ ٹریبونلوں نے جن افراد کو نااہل قرار دیا ہے ان پر مقدمہ چلانے کے لیے ملتان، ڈیرہ غازی خان اور بہاولپور ڈویژنوں کے لیے سرسری فوجی عدالت نمبر ۴۴ قائم کر دی گئی ہے جس کے سربراہ بریگیڈیئر رشید احمد ہیں۔ یہ عدالت ۱۷ جولائی ۱۹۷۸ء کو تشکیل دی گئی ہے۔

میر تاج محمد جمالی کو بلوچستان مسلم لیگ کا صدر منتخب کر لیا گیا

صوبائی کونسل کے اجلاس میں مرحوم مراد خاں جمالی کو زبردست خراج عقیدت پیش کیا گیا

کوئٹہ ۔۔۔۔۔۔ (نمائندہ خصوصی) پاکستان مسلم لیگ بلوچستان کی صوبائی جنرل کونسل نے سابق وفاقی وزیر صحت میر تاج محمد جمالی کو مسلم لیگ کا صوبائی صدر منتخب کیا ہے۔ صدارت کا عہدہ حاجی میر مراد خاں جمالی کے قتل کے بعد خالی ہو گیا تھا۔ مسلم لیگ کی صوبائی جنرل کونسل کا اجلاس سینئر نائب صدر اقبال شاہ ہاشمی کی صدارت میں منعقد ہوا۔ اس اجلاس میں میر مراد خاں جمالی کو زبردست خراج عقیدت پیش کیا گیا۔ کونسل نے تفصیل دیر کا نام زیر دار ڈالا رکھنے کے فیصلے کا خیر مقدم کیا گیا۔ اجلاس سے خطاب کرنے والوں میں نوابزادہ زین الدین رئیسانی، میر جمالی خان رند (ڈاکی)، میر عزیز الرحمٰن جمالی، ریچی رہنمائی، سید فیض محمد، ڈاکٹر محمد افضل، چوہدری احمد علی، غلام نبی علی زئی، نوابزادہ جمیل اللہ کاسی، ڈاکٹر بابر کمال، محمود شاہ بخاری اور شیخ محسن علی صدیقی نے میر تاج محمد جمالی کے انتخاب کا خیر مقدم کرتے ہوئے انہیں اپنے مکمل تعاون کا یقین دلایا۔

میر تاج محمد جمالی نے اپنی تقریر میں اعلان کیا کہ ملک کے وسیع تر مفاد میں مسلم لیگ موجودہ حکومت کی تائید اور حمایت جاری رکھے گی کیونکہ مسلم لیگ کو پاکستان کی سالمیت اور استحکام ہر چیز پر مقدم ہے۔ انہوں نے کہا کہ مسلم لیگ کو اقتدار کی کبھی خواہش نہیں رہی بلکہ اس کا سیاسی عمل ہمیشہ ملک اور عوام کے مفاد کے تابع رہا ہے۔

اتحاد نے حکومت میں شمولیت کا فیصلہ کیا تو این ڈی پی مخالفت کرے گی

پارٹی کی تنظیمی کمیٹی کے اجلاس میں بلدیاتی انتخابات کے بارے میں قطعی فیصلہ کر لیا جائے گا

کراچی ۔۔۔۔۔۔ (اپ پ) این ڈی پی کے سربراہ سردار شیر باز مزاری نے کہا ہے کہ ۵ اگست سے شروع ہونے والے پارٹی کی تنظیمی کمیٹی کے کنونشن میں بلدیاتی انتخابات کے بارے میں قطعی فیصلہ کر لیا جائے گا۔ اسلام آباد روانہ ہونے سے قبل اخبار نویسوں سے باتیں کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ کنونشن میں بلدیاتی انتخابات کے بارے میں ریفرنڈم کرانے کی حکومتی تجویز پر بھی غور کیا جائے گا۔ چونکہ ریفرنڈم میں بھاری اخراجات اور انتظامات کی ضرورت ہوگی اس لیے ریفرنڈم میں دیگر اہم معاملات کو شامل کرنے کی تجویز پیش کی جا سکتی ہے۔ سردار مزاری نے کہا کہ وہ کل اسلام آباد میں ہونے والے پاکستان قومی اتحاد کی مرکزی کونسل کے اہم اجلاس میں شرکت کریں گے۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ اگر اتحاد نے حکومت میں شامل ہونے کا فیصلہ کیا تو این ڈی پی اس فیصلے کی مخالفت کرے گی۔

اطلاع

ٹورانٹو ۔ اس سال ماہ مبارک رمضان میں شہادت حضرت علی علیہ السلام کی مجالس ۱۹ اگست سے ۲۷ اگست تک منعقد ہوں گی ۔ جن میں مولانا ظہیر صاحب قبلہ پروفیسر رشید ترابی کا خطبہ بیان فرمائیں گے ۔ وقت اور جگہ کے بارے میں معلومات کیلئے فون کیجئے۔

491-8494
493-7252

یحیٰی خان واشنگٹن میں زیر علاج ہیں

واشنگٹن ۔۔۔۔۔۔ (اپ ا) پاکستان کے سابق صدر جنرل یحیٰی خان جن پر گزشتہ برس فالج کا حملہ ہوا تھا ان دنوں جارج واشنگٹن یونیورسٹی ہسپتال میں زیر علاج ہیں۔ پاک سفارتخانہ کے ایک ترجمان کے مطابق جنرل یحیٰی خان کی بیماری شدت اختیار کر گئی تھی جس کی وجہ سے انہیں علاج کے لئے امریکہ آنا پڑا۔ تاہم ہسپتال کے ذرائع نے جنرل یحیٰی خاں کے ہسپتال میں داخلے یا ان کی صحت کے بارے میں کچھ بتانے سے انکار کر دیا ہے۔

کپٹر نے وکالت شروع کر دی

لاڑکانہ ۔۔۔۔۔۔ سابق صوبائی وزیر عبدالوحید کپٹر نے اب لاڑکانہ میں وکالت شروع کر دی ہے۔ انہیں ٹریبونل نے سات سال تک سیاست میں حصہ لینے کے نااہل قرار دے دیا تھا۔

بعض ممالک میں مسلم اقلیتوں کے انسانی حقوق پامال کیے جا رہے ہیں

بھارت اور برما سمیت کئی ممالک کے واقعات نے عالمی ضمیر کو جھنجوڑ کے رکھ دیا ہے

اسلام کی اصل عظمت انسانی حقوق کے تصور میں ہے

مسلم اقلیتوں کے بارے میں بین الاقوامی سیمینار سے مسلم دانشوروں کا خطاب

لندن ۔۔۔۔۔۔ (اپ پ) غیر مسلم ممالک میں مسلم اقلیتوں کے بارے میں منعقدہ سیمینار نے اس امر پر اظہار تشویش کیا ہے کہ بعض ممالک انسانی حقوق کے عالمی اصولوں اور ضابطوں کی خلاف ورزی کرتے ہوئے مسلم اقلیتوں کے حقوق پامال کر رہے ہیں۔ سیمینار کا افتتاح گزشتہ روز کیا گیا تھا۔ اس سے خطاب کرتے ہوئے یورپی اسلامی کونسل کے سیکرٹری جنرل نے کہا کہ بھارت، فلپائن، کمبوڈیا، بھارت، ایتھوپیا اور تھائی لینڈ میں رونما ہونے والے حالیہ واقعات نے ان تمام افراد کے ضمیر کو جھنجوڑ کے رکھ دیا ہے جو حقوق انسانی پر یقین رکھتے ہیں۔ اس طرح مشرقی یورپ کے بیشتر ممالک میں بھی صورت حال حوصلہ شکن ہے۔ سیمینار پانچ روز تک جاری رہے گا۔ ۴۳ ممالک کے ۲۰۰ سے زائد مندوبین شرکت کر رہے ہیں۔ پاکستان کے وفاقی وزیر مذہبی امور نے سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اگر قوم پرستی کے اس جارحانہ تصور کو ختم کرنے کے لیے جو مختلف ممالک میں ابھر رہا ہے موثر اقدامات نہ کیے گئے تو انسانیت امن و سکون کو ترس جائے گی۔ انہوں نے اس توقع کا اظہار کیا کہ یورپی اسلامی کونسل کی معاونت سے اسلامی کانفرنس کی تنظیم کے زیر اہتمام منعقدہ یہ سیمینار مسلم اقلیتوں کے بارے میں تفصیلی غیر جانبداری سے حالات کا جائزہ لے گا اور سیمینار کے شرکاء مندوبین اقلیتوں کی بے چارگی کا احساس دلوا کر کریں گے۔ مزید کہا کہ مسلم اقلیتیں کچھ حد تک معاشرے میں جذب ہو گئی ہیں لیکن ایسے ممالک اور علاقوں میں جہاں مذہب کو اہم عنصر کی اہمیت حاصل ہے اور جہاں مذہبی اقلیتوں کی حیثیت کا تعین کیا گیا ہے بعض پیچیدہ مسائل حل طلب رہتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یہ صورت حال مسلم اقلیتوں کے بارے میں زیادہ صادق آتی ہے کیونکہ اسلام ایک ایسا مذہب ہے جو کہ تمام زندگی کا احاطہ کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اسلام کا اثر اتنا زیادہ ہے کہ زندگی کا کوئی شعبہ ایسا نہیں جس کے لیے اس میں رہنمائی موجود نہ ہو۔ اس لیے مسلم اقلیتوں کو مکمل طور پر جذب کر لینا ممکن نہیں ہے۔ اقوام متحدہ کے انڈر سیکرٹری جنرل نے کہا کہ اسلام نے انسانی وقار، مساوات اور انصاف کی بنیاد پر مکمل اور مفید اصلاحات کا آغاز کیا۔ اسلام کی اصل عظمت ہی انسانی حقوق کے نظریہ میں ہے۔ نائیجیریا کے سابق وزیر خارجہ نے کہا کہ انسانی وقار کے بارے میں اسلام کی اساس ہی اس حقیقت پر ہے کہ تمام انسان برابر ہیں اور ان کے حقوق بھی برابر ہیں۔

اسلامی فاؤنڈیشن کے ڈائریکٹر پروفیسر خورشید احمد نے کہا کہ مغربی جمہوریت کا بنیادی مسئلہ یہ ہے کہ اس کی نشوونما قومی ریاست کے طور پر ہوئی ہے چنانچہ سماجی اور ثقافتی جمہوریت کا تصور نظر انداز ہی رہا۔ جدید معاشرہ جمہوریت کے ثقافتی پہلو کو نظر انداز کرنے کا متحمل نہیں ہو سکتا۔ انہوں نے مزید کہا کہ قوم پرستی کے جدید تصور کی خامی یہ ہے کہ اسے جغرافیائی اور لسانی تشخص تک محدود کر دیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ مسلمان یورپ کے معاشرے میں مساوی مقام چاہتے ہیں۔ انہیں امید ہے کہ بیشتر یورپی ممالک میں اس کی قدر کی جائے گی تاہم انسانی معاملات کو عددی منطق سے غلط ملط کرنا اندھا پن ہوگا۔ ایک انسان کو بھی اتنی اہمیت حاصل ہے جتنی پوری انسانیت کو۔

جنرل ضیاء کی طرف سے بنگلہ دیش کی حکومت سے انتخابی قوانین کی نقول مہیا کرنے کی درخواست

ہانگ کانگ ۔۔۔۔۔۔ فار ایسٹرن اکنامک ریویو کی ایک رپورٹ کے مطابق پاکستان کے جنرل محمد ضیاء الحق نے بنگلہ دیش کو کہا ہے کہ وہ انہیں ان انتخابی قوانین اور طریق کار کی نقول مہیا کرے جن کی بنیاد پر بنگلہ دیش میں بلدیاتی انتخابات، صدر ضیاء الرحمٰن کے بارے میں ریفرنڈم اور بنگلہ دیش کے صدارتی انتخابات کرائے گئے۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ بنگلہ دیش کی حکومت یہ دستاویزات جلد مہیا کر دے گی۔

چنڈی گڑھ میں فیض کے لیے سرکاری استقبالیہ

چنڈی گڑھ ۔۔۔۔۔۔ آل انڈیا ریڈیو کے مطابق پنجاب کی صوبائی حکومت کے زیر اہتمام چنڈی گڑھ میں مسٹر فیض احمد فیض کے اعزاز میں ایک تقریب منعقد کی گئی جس میں مقررین نے انہیں زبردست خراج تحسین پیش کیا۔ فیض احمد فیض آج کل بھارت آئے ہوئے ہیں۔

مغربی جرمنی میں غیر قانونی طور پر داخل ہونے والے ۶۹ پاکستانیوں اور بھارتیوں کو نکال دیا گیا

مغربی برلن ۔۔۔۔۔۔ (اپ پ / اف پ) پولیس نے گزشتہ روز ۶۹ بھارتی شہریوں کو مغربی برلن سے نکال دیا اور انہیں بذریعہ طیارہ ملک سے نکل جانے کا حکم دیا۔ یہ لوگ غیر قانونی طور پر مغربی جرمنی میں داخل ہوئے تھے۔ گزشتہ دو روز کے دوران اسی بنا پر ۲۸ پاکستانیوں کو طیاروں کے ذریعے کراچی روانہ کیا گیا۔ مغربی جرمنی کے حکام کا کہنا ہے کہ یہ لوگ ترکی کے راستے یہاں پہنچے ہیں اور سیاسی پناہ لینے کی خواہش کا اظہار کرتے ہیں لیکن وہ اس سلسلے میں کوئی ثبوت پیش نہیں کر سکے۔

مختصر مختصر اشتہارات

ضرورت رشتہ

ایک ۲۲ سالہ سنی مسلمان پاکستانی لڑکی کے لیے رشتہ مطلوب ہے۔ لڑکی لندن، انگلینڈ بنک میں برسر روزگار ہے۔ تعلیم بی۔ اے ہے۔ لڑکے کا مسلمان اور تعلیم یافتہ ہونا ضروری ہے۔ پہلے ہی خط میں ذیل کے پتے پر تفصیلات لکھ بھیجیں یا ٹورانٹو میں اس فون پر بات کریں۔

(416) 281-9864

ABID H. QURESHI
15 NISCO ROAD
DOLLARD, MONTREAL
H9G 2P7

ایک ۲۸ سالہ سنی مسلمان لڑکی مقیم پاکستان کے لیے مسلمان نیک سیرت لڑکے کا رشتہ درکار ہے پہلے ہی خط میں تفصیل سے لکھیں۔ پتہ اوپر دیا جا چکا ہے۔

شادی خانہ آبادی

دنیا کے کسی بھی ملک مثلاً انڈیا، پاکستان، بنگلہ دیش، سری لنکا، افریقہ، شمالی امریکہ، افریقہ اور مڈل ایسٹ وغیرہ میں جہاں بھی ہندوستانی اور پاکستانی آباد ہیں۔ شادی کے لئے ہماری خدمات حاصل کریں۔
تفصیل کے لئے ہمارے کسی بھی دفتر کو اپنا مکمل پتہ اور ڈاک خرچ ارسال فرمائیں۔

INTERNATIONAL MARRIAGE SERVICE
Head Office
P.O. BOX 951, STATION "A"
SCARBOROUGH (TORONTO)
ONTARIO, CANADA M1K 5E4

افغانستان میں سود کا کاروبار ممنوع قرار دے دیا گیا

ہمیں ری پراسیسنگ پلانٹ ہی درکار ہے
صدر فرانس کے نام جنرل ضیاء الحق کا مکتوب
فرانس خط کے جواب میں اپنے حتمی فیصلے سے آگاہ کرے گا

اسلام آباد ــــ ۔۔۔ (پ پ ا) چیف مارشل لاء ایڈمنسٹریٹر جنرل محمد ضیاء الحق نے فرانس کے صدر جسکارد دیستاں کو ایک مراسلہ بھیجا ہے جس میں انہوں نے ری پراسیسنگ پلانٹ کی فراہمی کے لئے اپنی درخواست دہرائی ہے یہ مراسلہ ایک اعلیٰ فرانسیسی افسر کے ہاتھ بھیجا گیا ہے جو گذشتہ دنوں اسلام آباد آیا تھا اور جس نے حکومت پاکستان کو فرانس کے اس فیصلے سے آگاہ کیا تھا کہ پاکستان کو ابھی ری پراسیسنگ پلانٹ کی خریداری کے لئے از سر نو بات چیت کرنی چاہئے بتایا گیا ہے کہ جنرل ضیاء الحق کے اس خط کا جواب ہی فرانس کا حتمی فیصلہ ہوگا۔ پاکستان اور فرانس کے مابین ری پراسیسنگ پلانٹ کی خریداری کا سمجھوتہ ۱۹۷۶ء میں طے پایا تھا مگر فرانس امریکہ کے دباؤ کے تحت اب اس پر نظر ثانی کا تقاضا کر رہا ہے۔

نسیم ولی خان پر چوری کے الزام سے متعلق خبر لندن میں حسنہ شیخ کے اخبار نے پھیلائی ہے
بیگم نسیم ولی خان کا بیان

پشاور ــــ (پ پ ا) نیشنل ڈیموکریٹک پارٹی کے سربراہ سردار شیر باز خان مزاری نے آج یہاں بیگم نسیم ولی خان پر چوری کے الزام کو ناقابل یقین قرار دیا ہے آج یہاں اخباری نمائندوں سے باتیں کرتے ہوئے ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ اصل صورت حال تو بیگم نسیم ولی خان وطن واپس پہنچ کر ہی بتا سکیں گی تاہم انہوں نے یقین ظاہر کیا کہ بیگم نسیم ولی خان سے منسوب چوری کی یہ کہانی محض ان کی شہرت کو نقصان پہنچانے کی ایک سازش ہے اور اس سازش کے امکان کو مسٹر ظہور الٰہی، مرتضیٰ بھٹو اور حسنہ شیخ کی لندن میں موجودگی کے پیش نظر مسترد نہیں کیا جا سکتا انہوں نے بتایا کہ لندن میں بیگم ولی خان سے ٹیلیفون پر رابطہ قائم نہیں ہو سکا۔ انہوں نے مزید کہا اس قسم کی سینکڑوں کی مثالیں موجود ہیں کہ نیک نام افراد کو چوری کے ایسے سیکنڈلوں میں ملوث کیا گیا انہوں نے اس پر تعجب کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ کس قدر ستم ظریفی کی بات ہے کہ ایک نیک خاتون پر چار پونڈ یعنی ۸۰ روپوں کی چیز چوری کرنے کا الزام لگایا گیا ہے انہوں نے کہا کہ زیر بحث چوری کی یہ کہانی لندن میں پیپلز پارٹی کے اخبار نے شائع کی ہے اور اس اخبار کے حوالے سے بی بی سی نے اس کہانی کو نشر کیا ہے انہوں نے بتایا کہ یہ اخبار مسز حسنہ شیخ کے سرمایہ سے چل رہا ہے۔

انہوں نے کہا کہ یہ بھی ہو سکتا ہے کہ سودا سلف کی خریداری کے دوران بیگم نسیم ولی خان نے اپنا بیگ کہیں رکھ دیا ہو اور سازشی عناصر نے بیگ میں کوئی چیز رکھ کر چوری کی اطلاع بھی کر دی ہو تاہم بیگم ولی خان بارہ تیرہ اگست کو وطن واپس آ رہی ہیں جس کے بعد ساری صورت حال واضح ہو جائے گی۔

حضرت محمد ﷺ نے نسل انسانی کو سب سے زیادہ متاثر کیا
ایک امریکی محقق کا اعتراف

لندن ــــ (پ پ ا) مشہور عالم ہفت روزہ "نیوز ویک" کی تازہ ترین اشاعت میں شائع ہونے والے شخصیتوں کے چارٹ میں پیغمبر اسلام نبی آخر الزمان حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو آج تک پیدا ہونے والے اربوں افراد میں سے سب سے ممتاز و برتر شخصیت قرار دیا گیا ہے۔ جس نے لوگوں کو سب سے زیادہ متاثر کیا۔ چارٹ ایک کتاب "دی ۱۰۰" سے لیا گیا ہے جسے ایک ماہر فلکیات مائیکل ایچ ہارٹ نے جو ایک غیر پیشہ ور مورخ بھی ہے مرتب کیا ہے۔ اس میں کل ایک سو ایسی شخصیتوں کا انتخاب کیا گیا ہے جنہوں نے لوگوں کو سب سے زیادہ متاثر کیا۔ مسٹر ہارٹ نے کہا ہے کہ اگر کسی کو انتخاب کے سلسلے میں اعتراض ہو کہ یہ درست نہیں تو وہ چیلنج کر سکتا ہے مسٹر ہارٹ کے مطابق لوگوں کو سب سے زیادہ متاثر کرنے والی شخصیت حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی ہے ہارٹ کہتا ہے کہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم تاریخ میں واحد ایسی شخصیت تھے جو دینی اور دنیاوی دونوں لحاظ سے انتہائی کامیاب تھے دوسرے نمبر پر سب سے زیادہ متاثر کرنے والی شخصیت مشہور سائنسدان آئزک نیوٹن کو اور تیسرے نمبر پر حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو قرار دیا گیا ہے۔

مسٹر ہارٹ کے انتخاب کا اصل معیار کسی شخص کا ذاتی قد کاٹھ نہیں بلکہ اس کا انسانی تاریخ اور دوسرے لوگوں کی روزمرہ زندگی پر مجموعی اثر ہے اوڈ زے تنگ ۲۰ ویں نمبر پر ہیں جبکہ لارڈ گاندھی کا چارٹ میں کہیں ذکر نہیں۔ حضرت عمر بن خطاب ۵۱ ویں اور اشوک ۵۳ ویں نمبر پر ہیں۔ گوتم بدھ کو چوتھے، کولمبس کو نویں، البرٹ آئن سٹائن کو دسویں، کارل مارکس کو گیارہویں، ارسطو کو ۱۳ ویں، لینن کو پندرہویں، حضرت موسیٰ کو سولہویں، اور چارلس ڈارون کو ۱۷ ویں، چنگیز خان کو ۲۱ ویں، سگمنڈ فرائیڈ کو ۲۹ ویں، سکندر اعظم کو ۳۳ ویں، نپولین بونا پارٹ کو ۳۴ ویں، مہاتما بدھ شنکر کو ۴۰ ویں، ولیم شیکسپیئر کو ۳۶ ویں، تھامس ایڈیسن کو ۳۸ ویں، افلاطون کو ۴۰ ویں، گلیلیو کو ۱۲ ویں، سٹالن کو ۶۳ ویں، جولیس سیزر کو ۶۵ ویں، والٹیر کو ۸۷ ویں، جان ایف کینیڈی کو ۸۸ ویں اور واسکوڈے گاما کو ۸۹ ویں نمبر پر رکھا گیا ہے۔

خلاف ورزی کرنے والوں کو موت کی سزا دی جائیگی

کوئٹہ ــــ (نمائندہ خصوصی) ریڈیو کابل کی ایک نشریے کے مطابق افغانستان میں سود کا کاروبار ممنوع قرار دے دیا گیا ہے اور سودی کاروبار کرنے والوں کو موت کی سزا دی جائے گی۔ ریڈیو کے مطابق افغانستان کے صدر نور محمد ترکئی نے ایک فرمان جاری کیا ہے جس کے مطابق ملک میں سود کا کاروبار کرنے کی ممانعت کر دی گئی ہے اور خلاف ورزی کرنے والوں کو موت کی سزا دی جائے گی۔

حکومت مختلف صنعتوں کو نجی تحویل میں دینے پر غور کر رہی ہے
گھی کی صنعت بھی واپس کیے جانے کا امکان

کوئٹہ ــــ (نمائندہ خصوصی) باخبر ذرائع کے مطابق مختلف صنعتوں کو جو اس وقت سرکاری تحویل میں ہیں نجی شعبے میں واپس دینے پر غور کر رہی ہے۔ ذرائع کے مطابق جن صنعتوں کو نجی شعبے میں واپس دینے پر غور کیا جا رہا ہے۔ ان میں گھی کی صنعت بھی شامل ہے۔



بیگم نسیم جوابی قانونی چارہ جوئی کریں گی

لندن ــــ (بی بی سی کی اطلاع کے مطابق لندن کی ایک عدالت نے پاکستان قومی اتحاد کی راہنما بیگم نسیم ولی خان کو ایک سٹور سے نیم جامہ چوری کرنے کے الزام میں ۲۵۰ پونڈ جرمانہ کی سزا دی ہے

نسیم ولی خان نے بتایا ہے کہ وہ مقدمہ کے سلسلے میں قانونی مشورہ کر رہی ہیں تاکہ عدالتی فیصلے کو کالعدم کرایا جا سکے بی بی سی کے مطابق بیگم نسیم ولی خان نے اعتراف کیا ہے کہ انہیں چوری کے الزام میں سزا ہوئی ہے۔

لیبیا کے نائب صدر عبد السلام جالود پاکستان کا دورہ ختم کرنے کے بعد بیکنگ پہنچ گئے

اسلام آباد ــــ (اے پی پی) لیبیا کے نائب صدر مسٹر عبد السلام احمد جالود آج صبح جب پاکستان میں دو روزہ قیام کے بعد بیکنگ روانہ ہوئے تو انہیں نہایت گرمجوشی سے الوداع کہا گیا۔ اسلام آباد کے ہوائی اڈے پر بری فوج کے سربراہ اور چیف مارشل لاء ایڈمنسٹریٹر اور بیگم ضیاء الحق نے مسٹر جالود اور بیگم جالود کو خدا حافظ کہا۔ اس موقع پر وفاقی وزراء اعلیٰ سفارتی نمائندے اعلیٰ سول اور فوجی افسر لیبیا کے سفارت خانہ کے حکام اور دیگر افراد موجود تھے۔ اس سے قبل جب مسٹر جالود جنرل ضیاء الحق کے ہمراہ ہوائی اڈے پر پہنچے تو مسٹر جالود نے ان افراد سے گرمجوشی سے ہاتھ ملایا جو ان کے استقبال کے لئے وہاں موجود تھے دو پاکستانی بچوں نے معزز مہمانوں کو گلدستے پیش کئے بارش کی وجہ سے معزز مہمان کا اعلیٰ حکام اور سفارتی نمائندوں سے تعارف وی آئی پی لاؤنج میں کرایا گیا۔ تینوں مسلح افواج کے چاق و چوبند دستوں نے معزز مہمان کو گارڈ آف آنر پیش کیا اور ان کی روانگی کے وقت ۲۱ توپوں کی سلامی دی گئی لیبیا کے نائب صدر کو طیارے میں سوار ہونے سے قبل تصویروں کا ایک البم پیش کیا گیا جو ان کے قیام کے دوران اتاری گئی تھیں مسٹر جالود نے چیف مارشل لاء ایڈمنسٹریٹر سے گرمجوشی سے مصافحہ کیا اور ان سے گلے ملے خصوصی طیارہ مسٹر جالود اور ان کے ہمراہیوں کو لے کر صبح ساڑھے آٹھ بجے پرواز کر گیا پاکستان میں اپنے مختصر قیام کے دوران لیبیا کے نائب صدر نے صدر فضل الٰہی چوہدری سے ملاقات کے علاوہ چیف مارشل لاء ایڈمنسٹریٹر سے مختلف موضوعات پر تبادلہ خیال کیا قذافی کے سربراہ ائیر مارشل محمد انور شمیم، افواج کے نمائندے اور بحریہ کے چیف آف سٹاف بھی معزز مہمان کو الوداع کہنے ہوائی اڈے پر موجود تھے۔

ہانگ کانگ: اطلاع کے مطابق لیبیا کے نائب صدر عبد السلام جالود آج بیکنگ پہنچ گئے ہوائی اڈے پر چینی نائب وزیر اعظم تنگ سیاؤ پنگ نے ان کا استقبال کیا۔

غیر ضروری وزارتوں کو ختم کر دیا جائے گا:
صنعتی انتظام کے بورڈ کو بھی ختم کرنے کا فیصلہ

راولپنڈی ــــ (نمائندہ خصوصی) معلوم ہوا ہے کہ جلد ہی بعض وفاقی وزارتوں کی تنظیم نو کی جائے گی اور غیر ضروری وزارتوں کو ختم کر دیا جائے گا یاد رہے کہ بھٹو کے دور میں قائم کی جانے والی بیرونی انتظام کی وزارت پہلے ہی ختم کی جا چکی ہے اس بات پر غور کیا جا رہا ہے کہ پیداوار کی وزارت کو صنعت کی وزارت میں مدغم کر دیا جائے اس بات کا بھی امکان ہے کہ صنعتی انتظام کے بورڈ کو بھی ختم کر دیا جائے کیونکہ صنعتی ترقیاتی کارپوریشن کی موجودگی میں اس بورڈ کا کوئی فائدہ نظر نہیں آ رہا۔ سابق دور میں پیداوار کی وزارت اور صنعتی انتظام کا بورڈ ایک سیاسی جماعت کے کارکنوں کو ناجائز مراعات دینے کے لئے قائم کیا گیا تھا۔ موجودہ حکومت کا خیال ہے کہ صنعتی انتظام کا بورڈ توڑ کر صنعت اور پیداوار کی وزارتوں کا ایک دوسرے پر انحصار ہے ایک کمیٹی قائم کی گئی ہے جو ان تمام امور کا جائزہ لے رہی ہے۔ توقع ہے کہ اس بارے میں جلد ہی کوئی فیصلہ کر دیا جائے گا۔

مغربی جرمنی میں پاکستانی تارکین وطن کی تعداد بڑھ رہی ہے

مغربی برلن ــــ (بی بی سی) سرکاری اعداد و شمار کے مطابق گذشتہ ایک برس کے دوران مغربی جرمنی میں تارکین وطن کی آمد میں خاصا اضافہ ہوا ہے زیادہ تر تارکین وطن پاکستان اور بھارت سے آئے ہیں۔

ترجمہ

مبلغ ۲۰۰۰۰ بیس ہزار (بیس ہزار)

بذریعہ صرف انداز جناب نصر اللہ خان خٹک پریذیڈنٹ پاکستان پیپلز پارٹی صوبہ سرحد وصول پائے۔

العبد

مولانا عبد الحکیم ...

مولانا عبد الحکیم کو ۲۰ ہزار روپے رشوت دی گئی

راولپنڈی ــــ (اے پ پ) حکومت کے جاری کردہ قرطاس ابیض کے مطابق ہشت نگر کے سابق رکن قومی اسمبلی مولانا عبد الحکیم اور ... کے صاحبزادہ نذر دیوان ان افراد میں سے تھے جنہیں سابق حکومت نے اپنی سیاسی پارٹیوں کو سبوتاژ کرنے کے لئے رشوت دی تھی قرطاس ابیض میں کہا گیا ہے کہ مولانا عبد الحکیم کو نصر اللہ خٹک صدر پیپلز پارٹی صوبہ سرحد کی وساطت سے ۲۰ ہزار روپے دیئے گئے جبکہ جنوری فروری ۱۹۷۷ء میں نذر دیوان کو ۳۰ ہزار روپے دیئے گئے۔ مولانا عبد الحکیم جمعیت علماء اسلام اور نذر دیوان جمعیت علمائے پاکستان سے منسلک تھے۔

THE NAME YOU HAVE LEARNED TO TRUST FOR

حلال گوشت

HALAL MEAT
spicetown
2210 DUNDAS STREET WEST
(Near Jami Mosque)
PHONE:(416)532-8267
(Free Delivery)

وزیر اعظم کوسیجن نے دورہ پاکستان کی دعوت قبول کر لی

اگلے سال کسی وقت پاکستان کے دورے پر آئیں گے

روس سٹیل ملز کیلئے زرمبادلہ کی تمام ضروریات پوری کرے گا

قرضہ مل کی فاضل پیداوار کی صورت میں واپس کیا جائے گا

میرے دورۂ ماسکو سے دونوں ملکوں کے تعلقات مزید مستحکم ہوں گے: غلام اسحٰق خان

راولپنڈی ــــــ (پ پ ا) وزیر اعظم روس الیکسی کوسیجن نے چیف مارشل لاء ایڈمنسٹریٹر جنرل محمد ضیاء الحق کی جانب سے پاکستان کے دورے کی دعوت اصولی طور پر قبول کر لی ہے۔ سینیٹر وفاقی وزیر مسٹر غلام اسحاق خان نے روس کے دورے سے واپس وطن پہنچنے پر بتایا کہ وزیر اعظم روس اپنی ناگزیر مصروفیات کے باعث آئندہ برس کسی وقت پاکستان آسکیں گے۔ انہوں نے مزید بتایا کہ روس کی ...

سٹیٹ کمیٹی کے چیئرمین اسی سال موسم سرما میں پاکستان کا دورہ کریں گے

پنڈت نہرو کی حیات میں کشمیر کا مسئلہ حل ہو جاتا

ایوب خان کی نیت پر اعتبار نہ تھا: شیخ عبداللہ

کراچی ــــ (نمائندہ خصوصی) مقبوضہ کشمیر کے کٹھ پتلی وزیر اعلیٰ شیخ محمد عبداللہ نے کہا ہے اگر سابق بھارتی وزیر اعظم پنڈت نہرو کا اچانک انتقال نہ ہوتا تو کشمیر کے مسئلہ میں پاکستان اور بھارت کا تنازعہ پر امن طور پر طے پا جاتا ...



گرانی و افراط زر کی روک تھام کیلئے مثبت اقدامات کئے جائیں: پروفیسر غفور

سیلاب اور بارش سے شدید متاثرہ علاقوں کو آفت زدہ قرار دے کر سرکاری واجبات کی وصولی میں چھوٹ دی جائے

متاثرین کی بحالی اور آبادکاری میں بھی مدد دی جائے

لاہور ــــ (اپنے سٹاف رپورٹر سے) پاکستان قومی اتحاد کے سیکرٹری جنرل پروفیسر غفور احمد نے اشیائے ضرورت کی قیمتوں میں اضافے پر تشویش کا اظہار کیا ہے اور حکومت سے کہا ہے کہ وہ افراط زر اور گرانی کے خاتمے کے لیے مثبت اقدامات اٹھائے ...

مولانا ندوی کی مولانا مودودی سے ملاقات

مسلمانوں کے حالات اور ملکی معاملات پر تبادلہ خیال کیا

لاہور ــــ (پ پ ا) بھارت کے ممتاز عالم دین مولانا ابوالحسن علی ندوی نے آج یہاں بانی جماعت اسلامی مولانا ابوالاعلیٰ مودودی سے ملاقات کی ...

پاکستان کی برآمدات ایک سال کے اندر بیس ارب تک بڑھا دی جائیں گی

بناسپتی گھی کی قیمت میں کمی اور چینی کی تجارت کو آزاد کرنے کے بارے میں غور کیا جا رہا ہے: میاں زاہد سرفراز

فیصل آباد ــــ (نمائندہ خصوصی) وفاقی وزیر تجارت میاں زاہد سرفراز نے آج پاکستان ہوزری مینوفیکچررز ایسوسی ایشن کے اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ وہ تجارت کے شعبے میں بنیادی اصلاحات عمل میں لانے کے لیے مصروف کار ہیں ...

> بھٹو ... انتخابات میں
> خان قیوم، یوسف خٹک اور
> عنایت الرحمن عباسی کی
> کامیابی کے خلاف تھے

پشاور ــــ (نمائندہ خصوصی) صوبہ سرحد کے پیپلز پارٹی کے بعض باخبر و سرگرم حلقوں نے ... اس بات کی تصدیق کی ہے کہ مسٹر بھٹو ... عام انتخابات میں خان قیوم، یوسف خٹک اور سردار عنایت الرحمان عباسی کی کامیابی کے خلاف تھے ...

کیپیٹل ٹریول اینڈ کیپیٹل ٹریڈرز

IATA

ٹی وی، فریج اور کار وغیرہ کے مفت کتابچے کے لیے آج ہی فون کریں۔

FOR FURTHER INFORMATION CALL YOUR NEAREST OFFICE

Toronto: (416)465-5411
Windsor: (519)256-0654
Detroit: (313)963-3965
Columbus, Ohio.(614)457-3876

741 BROADVIEW AVE.
TORONTO, ONT. M4K 3Y3
Tel. 465-5411 465-5412

امریکہ نے ری پراسیسنگ پلانٹ کی خریداری ترک نہ کرنے پر پاکستان کی امداد روک دی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ہر قسم کی پاکستانی و ہندوستانی فوڈ کے علاوہ انٹرنیشنل فوڈ
یعنی ہر قسم کی خوراک نہایت کم قیمت پر خریدنے کے لئے
ہمیں خدمت کا موقع دیجئے۔

ہمارا نصب العین آپ کی تسلی ہے

WHOLESALE & RETAIL
Please Call **ISMAIL AT**

461-2839

HOUSE OF HALAL MEAT

803 Danforth Avenue
Toronto, Ontario

fresh halal meat
Vegetables

گزشتہ سال ستمبر کے بعد نئے ترقیاتی منصوبوں کے لیے کوئی امداد نہیں دی گئی

جولائی ۱۹۷۷ء سے پاکستان کو امریکہ سے کسی قسم کی امداد نہیں ملی

واشنگٹن ۔۔۔۔۔ (اے پی پی رائٹر) امریکی دفتر خارجہ کے حکام نے کہا ہے کہ امریکہ نے پاکستان کے نئے ترقیاتی امداد روک دی ہے کیونکہ حکومت پاکستان نے فرانس سے ایٹمی ری پراسیسنگ پلانٹ خریدنے کا معاہدہ منسوخ کرنے سے انکار کر دیا ہے۔ پاکستان کے نئے ترقیاتی منصوبوں کے لئے امداد کا سلسلہ گزشتہ سال ستمبر سے حکومت امریکہ کے زیر غور تھا۔ حکام نے بتایا ہے کہ ستمبر کے بعد پاکستان کے نئے منصوبوں کے لئے ترقیاتی امداد کے کسی معاہدے پر دستخط نہیں کیے ... گئے۔ امریکی امداد کی منسوخی کا تعلق کانگریس کی اس ترمیم کی منظوری سے ہے جس کے تحت ہر وہ ملک جو ایٹمی ری پراسیسنگ کا سامان خریدے گا یا فروخت کرے گا اس کی اقتصادی امداد روک دی جائے گی۔ ... [illegible]

موئے مبارک حضرت بل کی درگاہ کی نئی عمارت میں منتقل کر دیا گیا

نئی دہلی ۔۔۔۔۔ (ریڈیو رپورٹ) پیغمبر آخر الزماں پیغمبر اسلام حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے موئے مبارک کو آج حضرت بل کی درگاہ کی نئی عمارت میں منتقل کر دیا گیا ہے۔ آل انڈیا ریڈیو کی اطلاع کے مطابق موئے مبارک کی زیارت کے لئے دو لاکھ افراد موجود تھے۔ ۱۹۶۳ء میں حضرت بل کی درگاہ سے موئے مبارک چوری ہو گیا تھا۔ اس کی بازیابی پر اس کی حفاظت کے لئے زیادہ بہتر انتظامات کئے گئے اور ایک نئی عمارت تعمیر کرنے کا فیصلہ کیا گیا۔

"میں تھوڑی سی شراب پیتا ہوں" بھٹو

بھٹو کے بیان پر راؤ رشید کا رد عمل

راولپنڈی ۔۔۔۔۔ (اے پی پی) سابق وزیر اعظم مسٹر ذوالفقار علی بھٹو نے لاہور میں جلسہ عام سے خطاب کرتے ہوئے کہا تھا کہ "میں تھوڑی سی شراب پیتا ہوں" مسٹر بھٹو کے اس جملے پر ان کے سپیشل سیکرٹری راؤ رشید نے تجویز کیا کہ اس بیان کو ذرا بہتر بنایا جائے۔ قرطاس ابیض کے مطابق راؤ رشید نے لکھا تھا کہ مسٹر بھٹو کے اس بیان سے ... [illegible]

پیرزادہ، صادق قریشی، ناصر رضوی، ملک اختر، معراج خالد، میاں عطاء اللہ اور خالد ملک نے اپنی پسند کے انتخابی حلقے بنوائے

راولپنڈی ۔۔۔۔۔ بھٹو حکومت کے شدید دباؤ کے تحت الیکشن کمیشن پیپلز پارٹی کی بعض اہم شخصیتوں کے لئے انتخابی حلقوں میں رد و بدل کرنے پر مجبور ہو گیا تھا۔ کمیشن کے سیکرٹری مسٹر اے زیڈ فاروقی کے مطابق ... [illegible]

پاکستانی وفد کی روسی زعماء سے بات چیت

ماسکو ۔۔۔۔۔ (تاس ۔ اے پی پی) پاکستان کے وزیر خزانہ اور منصوبہ بندی مسٹر غلام اسحٰق خان نے آج یہاں روس کی خارجہ اقتصادی تعلقات کی وزارتی کمیٹی کے چیئرمین سیمون سکاچکوف سے ملاقات کی ... [illegible]

بیرون ملک پاکستانیوں کے لئے ایئر کنڈیشنڈ اور ٹیلی ویژن سیٹوں کو بھی گفٹ سکیم میں شامل کر لیا جائے گا

حکومت بیرون ملک پاکستانیوں کو مزید مراعات دینے کا اعلان کرے گی

پاکستانی باشندے نئی کاریں پاکستان بھیجیں: جنرل چشتی

لندن ۔۔۔۔۔ (اے پی پی) وفاقی وزیر برائے امور کشمیر لیفٹیننٹ جنرل ایف اے چشتی نے گزشتہ رات لندن میں مقیم پاکستانیوں کی طرف سے دی گئی ضیافت میں تقریر کرتے ہوئے کہا کہ حکومت بیرون ملک رہنے والے پاکستانیوں کو مزید مراعات دینے کے بارے میں فیصلے کا جلد اعلان کرے گی ... [illegible]

بھٹو کے خلاف مقدمہ
ہمارے دوست
پاکستان کا خالصتاً
داخلی معاملہ ہے

لیبیا کے وزیر خارجہ کا بیان

طرابلس ۔۔۔۔۔ (اے پی پی) لیبیا کے وزیر خارجہ علی عبدالسلام تریکی نے کہا ہے کہ پاکستان کے سابق وزیر اعظم ذوالفقار علی بھٹو سے متعلق مقدمہ ہمارے دوست ملک پاکستان کا ایک داخلی مسئلہ ہے ... اور خوشگوار تعلقات اور برادرانہ رشتے ہیں۔

سکوٹر اور موٹر سائیکل سواروں کے لیے ہیلمٹ پہننا لازمی ہوگا

قانون کے لیے ہیلمٹ کی پابندی نے ایک سستی اور گھریلو سواری کی اہمیت ختم کر دی ہے عام تاثر

لاہور ۔۔۔۔۔ (نمائندہ خصوصی) پنجاب پولیس کی طرف سے صوبے میں سکوٹر اور موٹر سائیکل سواروں کے لئے کریش ہیلمٹ پہننے کی پابندی کے اعلان کے بعد آج صوبائی دارالحکومت میں کریش ہیلمٹ کی خریداری شروع ہو گئی اور سکوٹر موٹر سائیکل سواروں نے بڑی تعداد میں ہیلمٹ خریدے۔ پنجاب پولیس کے اعلان کے مطابق کل سے تمام سکوٹر اور موٹر سائیکل سواروں ... [illegible]

GIANT NEW STEP TOWARDS MUSLIM UNITY

Blossoms

A monthly magazine for *All* Muslims
A Totally different and unique venture in Muslim journalism
Focus on Muslim achievements and efforts

AUGUST ISSUE: CONTENTS

'Americans need the Qur'an in reverent English' Prof. Irving
Ann Arbor's Muslims
America's Social Ethic: Research Article
Hypertension
Parables: A Pakistani Story
Question and Answer: Leadership in Islam
Book Review
Poem
Advice: Are you harming your child?
Recipe
Humor: Can you keep a secret?

Annual subscription $10, Canada $15

C878 SUBSCRIPTION FORM

Yes, I want to buy BLOSSOMS for a year.

Name________________

Address ________________
Street City State

Enclosed is a check for $________ Bill me ________

Mail to BLOSSOMS, 521 County, Milan, Mich. 48160

A Creative Monthly of the Muslim World

انتخابات میں ہر قیمت پر کامیابی حاصل کرنے کے لیے ضلعی سطح سے اوپر تک پوری انتظامیہ کو حکمران پارٹی کے لیے آلۂ کار کے طور پر استعمال کیا گیا

قرطاس ابیض صفحہ اول سے آگے

گیا۔ کیبنٹ سیکرٹری وقار احمد نے اکتوبر ۱۹۷۵ء میں ہدایات جاری کیں کہ پارٹی امور کو بھی سنبھال اور جائزے بیاست و وزرا کی کو حکم اور پارٹی کی مدد کرنے والے تاجروں اور صنعت کاروں کے خلاف انکم ٹیکس کے مقدمات بنانے کے لیے کمیٹیاں تشکیل دی جائیں۔

لاڑکانہ پلان

حکومت پاکستان کے جاری کردہ قرطاس ابیض کے مطابق مارچ ۱۹۷۷ء کے انتخابات میں دھاندلی کا منصوبہ سابق وزیراعظم مسٹر ذوالفقار علی بھٹو نے از خود تیار کیا تھا جو "لاڑکانہ پلان" کے نام سے مشہور ہوا۔ اپریل ۱۹۷۶ء میں ہی تیار کر لیا گیا تھا اور ایک دستاویز کی شکل میں لایا گیا ہے جو نہایت ہی تفصیل اور سائنٹیفک منصوبہ ہے۔ اس کی بنیاد یہ تھی کہ ضلعی انتظامیہ کو سربراہ اور پارٹی کے انتخابی آلۂ کار کے طور پر استعمال کیا جائے۔ [illegible]

نہ دیا جائے کہ وہ تاڑ کے وقت میں بھاری بھی کا باعث نہیں۔

کیا اس معاملے میں آپ کی اپنی کوئی دلچسپی نہیں؟؟

رفیع رضا نے پارٹی منشور کا خاکہ تیار کیا

۱۹۷۷ء کے عام انتخابات میں پاکستان پیپلز پارٹی کے امیدواروں کی پبلسٹی پر سرکاری خزانے سے بھاری رقوم خرچ کی گئیں۔ قرطاس ابیض کے مطابق مسٹر بھٹو کی انتخابی مہم کا سب سے اہم پہلو جو اگرچہ کسی لحاظ سے بھی غیر متوقع نہیں تھا وہ یہ تھا کہ شروع سے ہی پبلسٹی اور پروپیگنڈہ مہم میں سرکاری افسران کو بھی ملوث کیا جائے۔ چنانچہ مسٹر رفیع رضا نے انتخابات کے سلسلے میں جو اجلاس بلائے ان میں پہلے چند اجلاسوں کی کارروائی سے پتا چلتا ہے کہ اعلیٰ سرکاری افسران، سابق وزیراعظم کے خصوصی سیکرٹری راؤ رشید خان اور وزیراعظم سیکرٹریٹ کے ڈپٹی سیکرٹری مسٹر حامد جلال بھی ان اجلاسوں میں شامل تھے اور انہی میں مسٹر رفیع رضا نے مسٹر بھٹو کو جوادلین انتخابی تجاویز پیش کی وہ یہ تھیں کہ پارٹی کے منشور کا ابتدائی خاکہ [illegible]

[illegible]

اشتہار

ANNEXURE 37

PERSONAL

[illegible]

Long before Mr. J.A.Rahim went out of office I had requested the Prime Minister to be graciously pleased to consider if a respectable enough job could be given to my son, Mohsin Rashdi, who is a B.A.[illegible]

2. My this son has appeared in the exam. for Deputy Secretary-ship and I am sure he should not have done worse than other candidates. I am informed that the final choice is to be announced by the Establishment Division within the next few days.

3. I thought that on such a [illegible], I should [illegible] repeat my old prayer.

(Pir Ali Mohammed Rashdi)
7.7.1976.

[illegible]

[illegible]

–۶–۱۹۷۵

کیا جائے۔ وہ بی اے ایل ایل بی ہے میرا یہ لڑکا۔ ڈپٹی

یوم پاکستان

ٹورانٹو۔ اس سال پاکستان کینیڈا کلچرل ایسوسی ایشن کی جانب سے ۱۹ اگست کو تین بجے دن بک فورڈ ہائی اسکول (نزد ملورٹریشی سب وے) میں یوم پاکستان منایا جا رہا ہے۔ جس میں تقاریر، ملی نغمے اور پاکستان پر مختصر علم دکھانے کا انتظام کیا جا رہا ہے۔ مزید معلومات کے لیے فون کیجئے۔ محمد آصف شجاع 537-5224 خالد تاج 463-8224 اور میمونہ مسرت 526-6679



«مفکرات ڈسٹ بُوب»

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

شمالی امریکہ میں اردو کا سب سے پہلا ۰ ۱ ۱ ۱ ۰ اسلامی اخبار

پندرہ روزہ کریسنٹ انٹرنیشنل

ٹورنٹو کینیڈا

جلد: ۷ | ۱۱ رمضان ۱۳۹۸ھ | ۱۵ اگست ۱۹۷۸ء | شمارہ: ۱۲

پیپلز پارٹی کی انتخابی مہم کیلئے ایک غیر ملکی سربراہ نے ۳ کروڑ روپے دیئے: بھٹو کا اکاؤنٹ ایک ماہ میں ۵ لاکھ سے بڑھ کر ۵ لاکھ روپے ہو گیا

انتخابات کے موقع پر حکمران جماعت نے اپنے فنڈ سے کوئی رقم نہیں نکلوائی ۶ پولنگ کے خاتمے کے بعد حسب منشا نتائج کے اعلان کے لیے ہر غیر قانونی حربہ اختیار کیا گیا



انتخابات کے دن بھٹو کنٹرول روم میں تھے اور انہیں دن کے بارہ بجے ہی پارٹی کے ہار جانے کا یقین ہو گیا تھا

بھٹو نے بحران کے جنت سیکرٹری کو ٹیلی فون پر ہدایات دیں اور الیکشن کا نتیجہ الٹ دیا گیا

بھٹو نے ... کے ... باقی تمام مقامات پر انتخابی ... کی ... جیتنے کی ...

لاکھوں روپے کی پبلسٹی مہم کے پلان تیار کیے، مہم کے لیے چار ہزار روپے ماہوار تک صحافیوں اور ادیبوں کی خدمات حاصل کی گئیں

جسٹس سجاد احمد جان کے بارے میں بدمعاش کا لفظ استعمال کیا: محمد حیات ٹمن نے کھلم کھلا مداخلت کر کے الیکشن کمیشن کو بالکل بے بس بنا کر رکھ دیا

اساتذہ اور استانیوں کی خدمات سے حسب ضرورت استفادے کے لیے انتخابات سے قبل ہی سکولوں کو قومی تحویل میں لے لیا گیا

پیپلز پارٹی کے اہم امیدواروں کی پسند کے حلقے بنوانے کے لیے الیکشن کمیشن کی حتمی فہرستوں میں ردوبدل کیا گیا

بھٹو نے ستمبر ۷۶ء تک تمام ناپسندیدہ سرکاری عناصر کو ملازمتوں سے نکالنے کا حکم دے دیا تھا

بھٹو نے جبری ریٹائرمنٹ کا ہتھیار استعمال کر کے سرکاری نظامیہ کو خوفزدہ کر دیا

چیف الیکشن کمشنر کو بے بس کر دیا گیا اور اسے خصوصی سیکرٹریٹ کے کنٹرول میں دے دیا گیا

مارچ ۷۷ء کی انتخابی دھاندلیوں کے بارے میں حکومت نے قرطاس ابیض جاری کر دیا

راولپنڈی — پاکستان کے سابق وزیر اعظم مسٹر ذوالفقار علی بھٹو نے مارچ ۱۹۷۷ء کے انتخابات میں اپنی اور پیپلز پارٹی کی کامیابی کو یقینی بنانے اور اپنے اقتدار کو دوام دینے کے لیے انتخابی دھاندلیوں کا منصوبہ از خود تیار کیا تھا۔ یہ منصوبہ "لاڑکانہ ماڈل پلان" اپریل ۱۹۷۶ء میں ہی تیار کر لیا گیا تھا۔ اس پر نہایت سائنٹفک انداز میں عمل درآمد کیا گیا۔ حکومت نے اس بارے میں آج جو قرطاس ابیض جاری کیا ہے۔ اس میں مندرجہ شواہد کے مطابق وزیر اعظم نے اپنی پارٹی کی انتخابی مہم کے لیے نہ صرف سرکاری فنڈز اور مشینری کا بھرپور استعمال کیا بلکہ غیر ممالک سے بھی بھاری رقوم حاصل کیں۔ الیکشن کمیشن کو بے بس بنا کر من پسند حلقہ بندیاں کرائیں، مرضی کے پریزائیڈنگ اور ریٹرننگ افسر مقرر کرائے، ناقابل اعتماد افسروں کے وسیع پیمانے پر تبادلے کئے گئے، انتخابی سہولت کی آڑ میں نئے اضلاع کی تشکیل اس منصوبے کے سلسلے کی کڑی تھی۔ اور پولنگ کے خاتمے کے بعد حسب منشا نتائج کے اعلان کے لیے ہر غیر قانونی حربہ اختیار کیا گیا۔ پنجاب، بلوچستان، سندھ اور سرحد میں پریزائیڈنگ اور پولنگ افسروں کو نتائج مرتب کرنے یا ان کو تبدیل کرنے سے قبل ہی غائب ہو جانے پر مجبور کر دیا گیا۔

قرطاس ابیض میں اس سلسلے میں مسٹر بھٹو کے ملوث ہونے کے ... افراد اور واضح شواہد پیش کئے گئے ہیں۔ مسٹر بھٹو نے اپنے خصوصی معاونین میر علی محمد راشدی اور محمد حیات ٹمن کی منصوبہ بندی سے اپنی کامیابی کیلئے جمہوری اور قانونی اقدار کی تضحیک کی اور اپنے اس حلف سے بھی روگردانی کی جو انہوں نے ملک کے انتظامی سربراہ کی حیثیت سے لیا تھا۔ اس منصوبے کے تحت سکول ٹیچرز اور دانشوروں کو بھی پیپلز پارٹی کی انتخابی مہم میں جبر، تحریص و ترغیب سے شریک کیا گیا۔ مسٹر بھٹو نے ہدایات جاری کیں کہ ستمبر ۱۹۷۶ء تک تمام ناپسندیدہ سرکاری ملازمین کو نکال دیا جائے۔ انہوں نے راؤ رشید اور پیر راشدی کی اس تجویز سے بھی اتفاق کیا کہ پیپلز پارٹی کے ایسے افراد کی فہرستیں مرتب کی جائیں جنہیں ہر صورت کامیاب بنانا ہے اور اپوزیشن کے ایسے امیدوار کا انتخاب کر لیے جائیں جنہیں ہر صورت ناکام کرانا ہے۔ دسمبر ۱۹۷۳ء میں کیبنٹ سیکرٹری وقار احمد نے وزیر اعظم کی ہدایت پر ایک منصوبہ تیار کیا جس کے تحت چیف الیکشن کمشنر اور الیکشن کمیشن پر حکومت کے کنٹرول کی تجویز تھی۔ اس منصوبہ کے تحت الیکشن کمیشن کو وزارت سے نکال کر وزیر اعظم کے سیکرٹریٹ کے تحت کر دیا گیا۔ الیکشن کمیشن کے بجٹ کا کنٹرول وزیر اعظم کے سپیشل اسسٹنٹ کی تحویل میں دے دیا گیا۔

الیکشن کمیشن کو کنٹرول کرنے کے لئے ملک محمد حیات ٹمن کا انتخاب کیا گیا۔ مسٹر ٹمن نے اپنی ذمہ داری کو نہایت سنجیدگی سے نبھایا۔ جون ۱۹۷۶ء میں انہوں نے الیکشن کمیشن کے اختیارات میں کھلم کھلا مداخلت کر کے ریٹرننگ افسروں، پولنگ سٹاف اور پولنگ اسٹیشنوں کے انتخاب کے بارے میں الیکشن کمیشن کو بالکل بے بس کر کے رکھ دیا۔

قرطاس ابیض کے مطابق مسٹر بھٹو نے ضلعی انتظامیہ میں ... کر کے اسے پیپلز پارٹی کی ... کا ایک شعبہ بنا کے رکھ دیا۔ ... افسر منتخب کر کے انہیں قواعد و ضوابط کو پامال کر کے انتہائی اعلیٰ عہدوں پر ترقیاں دی گئیں۔ ذرائع ابلاغ کے ذریعے اپنے حق میں زبردست مہم چلائی جس میں مسٹر بھٹو کو پاکستان کے واحد نجات دہندہ کے طور پر پیش کیا جاتا۔ وزیر اعظم کے سرکاری سیکرٹریٹ کو پیپلز پارٹی کا سیل بنا دیا گیا۔

باقی صفحہ ۱۴ پر

قرطاس ابیض

راولپنڈی — وفاقی حکومت نے ۵ مارچ ۱۹۷۷ء کی انتخابی دھاندلیوں کے بارے میں جو قرطاس ابیض شائع کیا ہے اس کے [illegible] صفحات ہیں اور اس کو دس ابواب میں تقسیم کیا گیا ہے۔ قرطاس ابیض میں اصل دستاویزات کی ایک ہزار سے زائد فوٹو سٹیٹ کاپیاں شامل کی گئی ہیں۔ قرطاس ابیض میں انتخابات میں دھاندلیوں کے منظم اور سائنسی منصوبے کے نفاذ کے مختلف مرحلوں کی تفصیلات اور عام انتخابات سے بہت پہلے سے شروع کر دی جانے والی بدنیتی پر مبنی کارروائیوں کو بے نقاب کیا گیا ہے۔ [illegible] صفحات پر مشتمل قرطاس ابیض کا الگ خلاصہ بھی جاری کیا گیا ہے۔ خلاصہ اردو میں اور اصل قرطاس ابیض انگریزی میں ہے۔

Please subscribe to the CRESCENT, a Pakistani English/Urdu Newspaper in regular print for the last 7 years.

SUBSCRIPTION RATES:
1 Year ....$8.00, US Air Mail $10.00
2 Years ....$14.00, US Air Mail $17.00
6 Months ..$5.00, US Air Mail $6.00
Anywhere else for 1 Year, By Air Mail $14.00

Please make cheques payable to "Crescent"

پندرہ روزہ
Crescent کریسنٹ انٹرنیشنل
338 Hollyberry Trail
Willowdale, Ontario
Canada M2H 2P6
Telephone: (416) 493-4374

Name ....
Address ....
....
Postal Code ....
Telephone No. ....